SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

July 27, 2023

ایس ای سی پی نے لائف انشورنس کمپنی کو بطور پنشن فنڈ منیجر خدمات انجام دینے کی منظوری دے دی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے رضاکارانہ پنشن سسٹم رولز 2005 کے تحت لائف انشورنس کمپنی میسرز آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ کو پنشن فنڈ مینیجر کے طور پر خدمات انجام دینے کی منظوری دے دی ہے۔

رضاکارانہ پنشن سسٹم رولز کے تحت قائم کردہ پنشن فنڈز سے تنخواہ دار اور نجی کاروبار کرنے والے افراد کو بچت اور سرمایہ کاری کا موقع ملتا ہے، جس سے ان کو ریٹائرمنٹ کے بعد بھی کمائی آتی رہتی ہے۔ امپلائرز اپنے ملازمین کی جانب سے بھی پنشن فنڈز میں بھی حصہ ڈال سکتے ہیں۔

ایس ای سی پی کا ماننا ہے کہ پنشن اور انشورنس میں طویل مدتی پروڈکٹس کی حیثیت سے قدرتی ہم آہنگی ہے اور لائف انشورنس کمپنیوں کا پنشن مارکیٹوں میں شامل ہونا خوش آئیند بات ہے۔ لائف انشورنس کمپنیوں کو پنشن کے انتظامی شعبے میں شامل کرنے سے اس شعبے کو فروغ ملے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005